N 821

Seat No. | | | | | | | |

2022 VIII 08 1030 -N 821- SOCIAL SCIENCES (73) HISTORY & POLITICAL SCIENCE—PAPER I (U)

(REVISED COURSE)

Time : 2 Hours (Pages 11) Max. Marks : 40

ہدایات :—

(1) تمام سرگرمیاں/سوالات حل کرنا لازمی ہے۔

(2) بائیں جانب کے عدد سرگرمیاں/سوالات کے نمبرات کو ظاہر کرتے ہیں۔

(3) سوال نمبر/سرگرمی نمبر 1 تا 5 مضمون تاریخ اور سوال نمبر/سرگرمی 6 سے 9 مضمون سیاسیات کے لئے ہیں۔

(4) سوال نمبر 1(A) اور 6 کے لئے مکمل بیانات لکھنا لازمی ہے۔

(5) سوال نمبر 2(A) اور 8(B) کے تمام تصوراتی خاکے بال پین سے بنانا متوقع ہے۔

(6) سوال نمبر 1(A) اور (B) اور سوال نمبر 6 کو ایک مرتبہ سے زائد لکھنے پر جو پہلے لکھا ہے اُس کی ہی مارکس جوڑی جائیں گی۔

P.T.O.

2/N 821

1. (A) قوسین میں دیے گئے مناسب الفاظ چُن کر بیان کو دوبارہ لکھئے : 3

(1) _____ نے سنسکرت کتاب 'ہت اُپدیش' کا جرمن زبان میں ترجمہ کیا۔

(الف) جیمس مِل

(ب) فریڈرک میکس میولر

(ج) ماؤنٹ اسٹوارٹ ایلفنسٹن

(د) سر جان مارشل

(2) دنیا کا سب سے قدیم عجائب گھر ۔۔۔۔۔ شہر کی کھدائی کے دوران دریافت ہوا۔

(الف) دلّی

(ب) ہڑپّا

(ج) اُر

(د) کولکاتا

(3) مہابلیشور کے قریب بھیلار نامی گاؤں ۔۔۔۔۔ کے لئے مشہور ہے۔

(الف) کتابوں

(ب) نباتات

(ج) آم

(د) قلعوں

(B) مندرجہ ذیل میں سے ہر گروپ میں غلط جوڑی پہچان کر لکھئے : 3

(1) (i) جارج ولیم فریڈرک ہیگل — ریزن اِن ہسٹری

(ii) لیوپالڈوان رانکے — دی تھیوری اینڈ پریکٹس آف ہسٹری

(iii) ہیروڈوٹس — دی ہسٹریز

(iv) کارل مارکس — ڈسکورس آن دی میتھڈ

(2) (i) درپن — بال شاستری جامبھیکر

(ii) پربھاکر — اچاریہ پی۔ کے۔ اَترے

(iii) دین بندھو — کرشن راؤ بھالیکر

(iv) کیسری — بال گنگادھر تلک

(3) (i) نگھوج میں رانجن کھڑگے — جغرافیائی سیاحت

(ii) راجستھانی قلعے — تاریخی سیاحت

(iii) زرعی یونیورسٹی کی سیر — زرعی سیاحت


(iv) ہمالیہ کار ریلی — طبّی سیاحت

2. (A) مندرجہ ذیل تصوراتی خاکہ مکمل کیجئے (کوئی دو): 4


(1) مندرجہ ذیل تصوراتی خاکہ مکمل کیجیے:

5/N 821

(2) مندرجہ ذیل تصوراتی خاکہ مکمل کیجیے:



(3) مندرجہ ذیل تصوراتی خاکہ مکمل کیجیے:



P.T.O.

(B) مندرجہ ذیل اصطلاحات کی وضاحت کیجئے (کوئی دو): 4

(1) والیٹر

(2) کیسری اور مراٹھا

(3) کھلونے اور تہوار

3. مندرجہ ذیل بیانات کی وجوہات کے ساتھ وضاحت کیجئے (کوئی دو): 4

(1) خواتین کی زندگیوں کے مختلف پہلوؤں پر گور وفکر پر مبنی تحقیق کا آغاز ہوا۔

(2) ٹکنالوجی کی تاریخ کا مطالعہ ضروری ہے۔

(3) کھلونوں کے ذریعے تاریخ پر روشنی پڑتی ہے۔

(4) مختلف مضامین کی سرگرمیوں کے لیے تربیت کی ضرورت ہوتی ہے۔

7/N 821

4. درج ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کر کے دی گئی سرگرمیاں مکمل کیجئے :

ورثے کی سیر (ہیری ٹیج واک) تاریخی ورثے کے حامل مقامات دیکھنے کے لیے کیے گئے سفر کو ورثے کی سیر (ہیری ٹیج واک) کہتے ہیں۔ جہاں تاریخ رقم ہوئی اس مقام پر پہنچ کر تاریخ کو جاننے کا تجربہ ورثے کی سیر کے زمرے میں آتا ہے۔

دنیا بھر میں اس طرح کی سرگرمی عمل میں لائی جاتی ہے۔ بھارت کی تاریخ سیکڑوں سال پرانی ہے۔ بھارت کی ہر ریاست میں تاریخی مقامات موجود ہیں جن میں قدیم عہد، عہد وسطیٰ اور جدید عہد کی عمارتوں کا شمار ہوتا ہے۔ گجرات کے شہر احمد آباد کی ورثے کی سیر مشہور ہے۔ مہاراشٹر میں ممبئی اور پونہ میں اس طرح کے پروگرام منعقد کیے جاتے ہیں، جس کے ذریعے تاریخی عمارتوں کی نگہداشت کرنا، ان کی معلومات حاصل کرنا اور اسے مختلف ذرائع سے دنیا بھر میں پہنچانا جیسی سرگرمیوں

کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ تاریخی شخصیات کے مکانات بھی تاریخی ورثے میں شمار ہوتے ہیں۔ کچھ جگہوں پر اس طرح کے مقامات پر نیلی تختیاں لگائی جاتی ہیں۔

سوالات :

(1) ورثے کی سیر (ہیری ٹیج واک) کِسے کہتے ہیں؟ 1

(2) بھارت کے کِن شہروں میں ورثے کی سیر (ہیری ٹیج واک) کا انعقاد کیا جاتا ہے؟ 1

(3) آپ کے ضلع میں ورثے کی سیر (ہیری ٹیج واک) کے لیے آپ کِس مقام پر جانا پاسند کرینگے اور کیوں؟ 2

5. درج ذیل کے مفصل طور پر جواب لکھئے (کوئی دو): 6

(1) مارکس وادی تاریخ نویسی کی وضاحت کیجئے۔

(2) کتب خانوں کا انتظامیہ کیوں اہم ہے؟

(3) میدانی کھیل اور نشستی کھیل کے مابین فرق واضح کیجیے۔

(4) اخبارات کی ابتداء اور آغاز سے قبل خبریں عوام تک پہنچانے کے لیے دنیا بھر میں کِن ذرائع کا استعمال کیا جاتا ہے؟

6. درج ذیل میں سے مناسب متبادل چُن کر بیان کو دوبارہ لکھیے: 2

(1) مہاراشٹر میں مقامی حکومتی اداروں میں خواتین کے لیے ------ نشستیں محفوظ رکھی گئی ہیں۔

(الف) ۲۵%

(ب) ۳۰%

(ج) ۴۰%

(د) ۵۰%

(2) زرعی پیداوار بڑھانے اور اناج کے معاملے میں خودکفیل ہونے کے لیے ------ لایا گیا۔

(الف) آبی انقلاب

(ب) سبز انقلاب

(ج) صنعتی انقلاب

(د) سفید انقلاب

10/N 821

7. مندرجہ ذیل بیانات صحیح ہیں یا غلط وجوہات کے ساتھ لکھئے (کوئی دو): 4

(1) بھارتی جمہوریت کو دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت تسلیم کیا جاتا ہے؟

(2) متحدہ محاذ حکومت سے عدم استحکام پیدا ہوتا ہے۔

(3) تحریک کے لیے مضبوط قیادت کی ضرورت نہیں ہوتی۔


8. (A) مندرجہ ذیل اصطلاحات کی وضاحت کیجئے (کوئی ایک): 2

(1) حق معلومات

(2) انتخابی اصلاحات۔

(B) مندرجہ ذیل تصوراتی خاکہ تیار/مکمل کیجئے (کوئی ایک): 2

(1) درج ذیل تصوراتی خاکہ مکمل کیجئے:



(2) درج ذیل تصوراتی خاکہ مکمل کیجئے :

ریاست/علاقہ	ادی واسی
(i) اوڈیشا	----------
(ii) ----------	کولی
(iii) چھوٹا ناگپور	----------
(iv) ----------	سنتھال

9. مختصر جواب لکھئے (کوئی ایک) : 2

(1) الیکشن کمیشن کے فرائض بیان کیجئے۔

(2) بھارت میں کسانوں کی تحریک کی نوعیت بیان کیجئے۔